سوال

(743) داڑھی رکھنا فرض ہے یا کہ نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(۱) داڑھی رکھنا فرض ہے یا کہ نہیں ؟ اگر فرض ہے تو قرآن وحدیث سے دلیل لکھیں ؟

(۲) کیا داڑھی کا تارک کبیرہ گناہ کا ارتکاب کرتا ہے یا کہ نہیں اگر کبیرہ گناہ کرتا ہے تو اس کی بھی دلیل قرآن وحدیث سے لکھیں ؟ محمد اسحاق جی ٹی روڈ گوجرانوالہ 25/11/85

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بخاری ومسلم میں داڑھی رکھنے کا حکم نبوی {أَعْفُوْا اللِّحٰی} [بخاری ۔ کتاب اللباس ۔ باب إعفاء اللحی] موجود ہے اور اللہ تعالیٰ یا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر عمل کرنا فرض ہوتا ہے قرآن مجید میں ہے {وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ} الخ لہٰذا داڑھی رکھنا فرض ہے اور داڑھی رکھنے کے حکم نبوی کے ندب پر محمول ہونے کی کوئی دلیل کتاب وسنت میں موجود نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

1

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص515

محدث فتویٰ